© rasailojaraid.com



# مطبوعات

**پیام امین** تالیف مولانا محمد عبد اللہ صاحب منہاس سابق ایڈیٹر اخبار وکیل - ضخامت ۲۰۴ صفحات چھوٹی تقطیع - قیمت درج نہیں - ملنے کا پتہ: نیجر شرکت ادبیہ، شریف گنج، امرت سر -

یہ کتاب قرآن کی صداقت اور عظمت و جلالت پر ایک بیش قیمت تصنیف ہے - مصنف نے غیر مسلم محققین اور منصف مزاج اہل نظر کے ان بے شمار اقوال کو یکجا کر دیا ہے جو قرآنی صداقت سے متاثر ہو کر ان کی زبان و قلم سے نکلے ہیں - گو قرآن اپنی صداقت میں کسی مغربی یا مشرقی مفکر کی تائید و شہادت کا قطعاً محتاج نہیں، وہ سورج کی طرح آپ ہی اپنی حقانیت کی دلیل ہے، مگر پھر بھی یہ اعترافات جو قرآن کو نہ ماننے والوں کے منہ سے اضطراراً نکلے ہیں، قرآن کی گہری اور بے پایاں سچائی اور بزرگی کا ایک مزید ایقان و اذعان پیدا کرتے ہیں - اس لحاظ سے فاضل مولف کی یہ کوشش نہایت ہی قابل قدر اور سعید کوشش ہے جسے نہ صرف مسلم حلقوں میں پہنچنا چاہیے بلکہ غیر مسلم اور بالخصوص "مسلم نما غیر مسلم" حضرات کے ہاتھوں میں اسے دینا چاہیے تاکہ انھیں معلوم ہو کہ یہ قرآن، جس کے متعلق انہوں نے مطالعہ کیے بغیر ایک متعصبانہ رائے قائم کر لی ہے، ان سنجیدہ اہلِ علم سے کس طرح خراج تحسین وصول کرتا ہے جنہوں نے اس کا کسی نہ کسی حد تک مطالعہ کیا ہے -

مصنف نے بڑی ہی کاوشوں سے اس مجموعہ کو مرتب کیا ہے - بقول خود انھیں اس کی ترتیب و تدوین میں مختلف زبانوں کی تقریباً تین سو کتابوں کی ورق گردانی کرنی پڑی ہے - شروع میں قرآن کی ترتیب و اشاعت پر ایک مختصر تاریخی تبصرہ ہے - اس کے بعد یہ بتایا گیا ہے کہ قرآن کے

© rasailojaraid.com